## سبق - 15: سونے کی مورت

**پاک کلام کا مطالعہ:** دانی ایل 3:1-18

### 1. صحیح جواب چنیں

الف)، ب) یا ج) پر دائرہ لگائیں:

1. بادشاہ نبوکدنضر نے کیا بنوایا؟
   الف) سونے کی مورت  ب) کشتی  ج) لکڑی کا مینار
2. تینوں دوستوں نے کیا کرنے سے انکار کیا؟
   الف) روٹی کھانے سے  ب) مورت کے آگے جھکنے سے  ج) گیت گانے سے

### 2. درست یا غلط؟

صحیح کے لیے ص اور غلط کے لیے غ لکھیں:

1. صرف زندہ خدا کی پرستش کرنا۔ ( ____ )
2. مورت کے آگے اس لیے جھکنا کہ باقی سب جھکتے ہیں۔ ( ____ )
3. اپنے ایمان کے بارے میں سچ بولنا۔ ( ____ )

### 3. میں کون ہوں؟

چنیں: شدرک، بادشاہ، ایک حاسد آدمی

1. میں غصے میں تھا اور میں نے تینوں دوستوں کو بلوایا۔ میں کون ہوں؟ _____
2. میں نے بادشاہ کو تین یہودیوں کے بارے میں بتایا۔ میں کون ہوں؟ _____
3. میں نے کہا، "جس خدا کی ہم خدمت کرتے ہیں وہ ہمیں بچا سکتا ہے۔" میں کون ہوں؟ _____

### 4. بحث کے سوالات

1. تینوں دوست جھکے کیوں نہیں؟

2. انہوں نے خدا کی قدرت کے بارے میں کیا کہا؟

3. کیا ہمیں ہمیشہ وہ ماننا ہوتا ہے جو لوگ ہمیں کہیں؟

### 5. یادداشت کی آیت:

خروج 20:11 — "کیونکہ خداوند نے چھ دن میں آسمان اور زمین اور سمندر اور جو کچھ ان میں ہے بنایا اور ساتویں دن آرام کیا۔ اسی لیے خداوند نے سبت کے دن کو برکت دی اور اسے مقدس ٹھہرایا۔"

متی 4:10 — "خداوند اپنے خدا کو سجدہ کر اور صرف اسی کی عبادت کر۔"

**6. تصویر میں رنگ بھریں:**

